

Vol. 4 | April-June 2013 | Issue 2

# Welcome to Ramadhan

## Fasting is our annual course of training

Fasting is as old as the human race . All the major religions in the world, Hinduism, Judaism, Christianity and Islam, expect their followers to fast in some form or another. It is believed that fasting has always been the same in all devine instructions anywhere in the world but changes happened as time passed by and new sects appeared as different religions.

In Islam, full day fasting continiously for a month in a particular month of Islamic lunar calender i.e. Ramadhan is one of the four basic obligatory practices. Allah says in the Qur'an :

*O ye who believe! Fasting is prescribed to you as it was prescribed to those before you, that you may learn self-restraint and you may ward off evil and may guard against it. (2:181)*

Fasting is prescribed for a month but if any body is ill or is on journey he may partly skip fasting. Temporary exemption is also available for women for specific reasons. But the prescribed number of days of fasting should be made up later. Those who cannot do so should feed the indigent.

Ramadhan is the month of during which the holy Qur'an was sent as a guide to mankind and has clear signs for guidance and judgment between right and wrong.

Allah says in the Qur'an: Eat and drink, until the white thread of dawn appears distinct from the black thread: then complete the fast till the night appears; do not indulge in intimate activity with spouse during the fasting hours but at night it is lawful even during the month of Ramadhan. While fasting a person is also required to remain God-conscious and should observe utmost morality in all areas all the time.

The Night of Power and Predestination (i.e. Lailatul Qadr) falls in the month of Ramadhan. It is described in the Qur'an as a "a night better than a thousand month." It is a night of great mystical significance, when the Archangel Gabriel and all the angels descend upon Earth. No one knows exactly on which specific night this happens, though it is commonly thought to occur in the last 10 nights of Ramadhan.

During Ramadhan which is the ninth of twelve months in Islamic lunar calender, Muslims begin the day with a meal just before sunrise to sustain them for rigours of the day ahead. They then welcome sunset by breaking the fast with simple meal. At night, they perform special prayers known as Tarawih in masjids. This allows the faithful to hear the holy Qur'an from beginning to end.

Qur'an also prescribes secondary and tertiary mode of expliation that is repentance and making up for wrong doings. For unintentional killing two continuous months of fasting is prescribed, that too when one cannot free a slave or does not have means to pay the indemnity. For breaking of oath fasting is prescribed for three days. Incidentally, for intentinal killing (not for self defense) capital punishment is the penalty.

### The Spriritual and Moral Benefits of fasting:

1. Fasting brings a person closer to Allah
2. One develops a sense of love for the scripture, as this month brings along with it an opportunity towards a special dedication and also a love towards is recitation, understanding and remembrance.
3. Special punctuality in the five obligatory prayers helps one develop a habit of

offering one's prayers regularly and punctually.

4. The fasting person learns to obey every command of Allah, the "Supreme Commander", both publicly and privately.
5. One specially and consciously refrains from even unintended evil deeds while one is fasting.
6. One is prepared for radical changes in one's life, as the advent of this month brings similar changees to one's daily schedule.
7. One develops a sense of unity and brotherhood with the kith & kin, neighbors and friends all over the world by sharing the same spriritual experience (i.e. of fasting)
8. Equality and uniformity is observed, as both black and white wealthy and poor, master and servant, act according to the will of God.
9. The wealthy realize the essence of the word hunger, and thus become more dutiful towards the rights of the poor, the orphans, the widows and the needy. Thus, one is more mindful of giving charity and bringing about other pious deeds that can alleviate the miseries of the poor. It is believed that any good, if done during month of Ramadhan, rings extra reward. Hence people like to pay the obligatory charity known as Zakat, i.e. fortieth portion on one's wealth, during Ramadhan only.
10. One develops the habit of eating moderately and avoiding wastage of food.
11. Allah forgives the previous sins of the fasting men and women when they seek His forgiveness.
12. Owing to fasting person's pious acts, fellow people love him and thus the foundation of a solid and healthy brotherhood is laid down.

The physical benefits:

1. It is easier to undergo physical laour
2. Animal instincts and lower passion are conqured.
3. Laziness is warded off, and one becomes active.
4. One is prepare to face any future hardships and adverse conditions.
5. Physical and mental endurance is increased.
6. One achieves spritual, bodily and mental gratification on completing one's fasts.
7. After a month-long devotion towards fasting, and accomplishment of acts of piety, one feels real delight when one celebrates the well-deserved festival of Id-ul-Fitr.


So, let us prepare to welcome the forth coming holy month of Ramadhan.

★ ★ ★

دہلی کے مدن پور کھادر علاقہ میں زکوۃ
فاؤنڈیشن آف انڈیا کے زیر انتظام
تیسرے یتیم خانہ کی عمارت کا تصوراتی
نقشہ جہاں تین سو بچوں کی پرورش کی
جائے گی، انشاءاللہ۔
آپ سے مالی تعاون کی درخواست ہے۔
تفصیل کے لئے برائے مہربانی دیکھیں:

www.zakatindia.org

In Delhi's Madanpur Khadar area ZFI's third orphanage building project. Here 300 children will be accommodated, insha Allah. Your kind financial support is solicited.
For detail please see our website
www.zakatindia.org




PROPOSED HAPPY HOME HOSTEL BUILDING - 3

zfi Zakat Foundation of India

**The president of Zakat Foundation of India has sent a letter to newly appointed Vatican's pope Father Francis rejoining his appeal to interfaith dialogue. For the readers' interest the letter is reproduced here.**

26 March 203

Your Holiness, Pope Francis of the Vatican!

Welcoming your well deserved elevation to papalhood coupled with your call for interfaith dialogue involving Muslims, we, at Zakat Foundation of India www.zakatindia.org wish to invite your kind attention to some of the interfaith provisions in the holy Quran as follows.

### Messenger of different faiths

To each of you we have appointed a law and a way to follow. And, had God so willed, He would have made you all one single people, but (He willed it otherwise) so as to test you through what He has given you. Vie, then, with one another in good deeds (5.48)

And we didd aforetime send forth conveyors of (God's) messages; of them there are some whom We have told you about, while some We have not told you about (40:78). We have revealed book on those messengers about whom We mentioned to you and also to those others about whom We didn't mention in this book (4:164). Every period has had its divine book (13:39). And never have We sent forth any conveyor of (God's) message otherwise than in his own people's language so that he might make the truth clear to them (14:4)

Commonality of belief

The conveyors of God's message and the believers (in His message) believe in what has been sent down to him from his Lord. They all believe in God and His angels and His books and the conveyors of His message, not differntiating between any of His conveyors (2:285)

Denial of other messengers wrong path

One who stubbornly denies God and His angels and his books and the conveyors of His message and the last day has surely gone on the wrong path (4:136)

Quranic mention of Christ & Christianity

Christ and Christianity are fondly mentioned in Quran more than 600 times spanning nine chapters one of which is titled as Mary. First Muslims migration was to a Christian empire.

With the backing of such strong Quranic mandate. Your Holiness, we warmly welcome you invitation for dialogue and would be extremely happy to take it to logical, advanced stages, including praxis, insha Allah!

With assurances of our highest consideration

Syed Zafar Mahmood (PhD)

President ★ Zakat Foundation of India

★ Interfaith Coalition for peace

# Eight ZFI fellows join the Bureaucracy

Alhamdulillah, eight ZFI Fellows have been finally selected for Civil Services this year. On May 3, 2013, UPSC declared the list of successful candidates of Civil Services. Following are ZFI's candidates


Waseem Akram
(Uttar Pradesh)


Shakeel Ahmad Ansari
(Maharashtra)


Naveed Trumboo
(Kashmir)


Moona Yasmin
(Uttar Pradesh)


Mazid Khan
(Uttarakhand)


Hammad Zafar
(Uttar Pradesh)


Anees C
(Kerala)


Yasser arafat F. A.
(Tamilnadu)

# List of new ZFI fellows

**ZFI's Sir Syed Coaching & Guidance Center has set its new batch as ZFI Fellows 2013. In this group following 41 candidates have been selected for preparation of UPSC Exam 2014 Besides, the candidates at serial No. 42 to 64 are wait listed**

| S.No. | Name | State |
|---|---|---|
| 1 | Abid Hussain | J&K |
| 2 | Afaq Ahmad Giri | J&K |
| 3 | Umar Hayat | J&K |
| 4 | Ghalib Mustaffa Chaudhary | J&K |
| 5 | Mohammad Masoom Danish | Bihar |
| 6 | Hilal Ahmad Rather | J&K |
| 7 | Mohammad Umar | UP |
| 8 | Mohmad Umer Syed K | J&K |
| 9 | Altaf Ahmad Wani | J&K |
| 10 | Tafazul Hussain | J&K |
| 11 | Shahnawaz Ahmad Shaikh | J&K |
| 12 | Khalid Saif Ansari | MP |
| 13 | Shahar Jamir Sheikh | Maharashtra |
| 14 | Tanvir Ahmed | J&K |
| 15 | Waheed Ahmed | J&K |
| 16 | Altaf Ahmad Khan | J&K |
| 17 | Muhammed Zakariya | Manipur |
| 18 | Asha E Palolil | Karnataka |
| 19 | Mushtaq Ahmad | J&K |
| 20 | Mohd Osama | UP |
| 21 | Shah Fahad | J&K |

| S.No. | Name | State |
|---|---|---|
| 22 | Mohd Shareef | UP |
| 23 | Rhema Mukti Baxter | Delhi |
| 24 | Sameer Hilal | J&K |
| 25 | Farooq Ahmed | J&K |
| 26 | Mujahidul Islam | Bihar |
| 27 | Mohd Farooq Akmal | UP |
| 28 | Rayis-ul-Bashir | J&K |
| 29 | Mir Ummer Mohd | J&K |
| 30 | Swafah C | Kerala |
| 31 | Fahad Karim | Bihar |
| 32 | Arif Khan | MP |
| 33 | Md Tarique Raza | Bihar |
| 34 | Tavseef Ahmad Mir | J&K |
| 35 | Tasbina Shaikh | J&K |
| 36 | M. Salman Khurshid | Manipur |
| 37 | Shaid Saleem | J&K |
| 38 | Muhammed Shan | Kerala |
| 39 | Nazim Hayat | J&K |
| 40 | Md. Warshid Khan | WB |
| 41 | Md Shahnawaz Alam | WB |

| Waitlist | | |
|---|---|---|
| S.No. | Name | State |
| 42 | Mohammad Shakil | Bihar |
| 43 | Mohammed Mahtab Rahmani | Bihar |
| 44 | Sayed Mustafa Kamal | J&K |
| 45 | Inzmamul Haq Zakir | Rajasthan |
| 46 | Rameez Hassan | J&K |
| 47 | Peer Idrees Ahmed | J&K |
| 48 | Ajwas Khaja | Kerala |
| 49 | Muneer Ahmad Dar | J&K |
| 50 | Mohd Muneer | UP |
| 51 | Mansoor Ahamed | Karnataka |
| 52 | Aadil Mushtaq | J&K |
| 53 | Sameer Sayed | Rajasthan |
| 54 | Shaikh Irfan Katthu | Maharashtra |
| 55 | Mohammed Nasir | UP |
| 56 | Qaiser Hassan | J&K |
| 57 | Ishtaq Ahmed | J&K |
| 58 | Sadaf Qureshi | UP |
| 59 | Waseem Maqsood | J&K |
| 60 | Tousif khan M M | Karnataka |
| 61 | Yasir Arfat | J&K |
| 62 | Mohammed Jasel PC | Kerala |
| 63 | Abdul Sameer | Manipur |
| 64 | Afsal P S | Kerala |

دہلی کے مدن پور کھادر میں زکوٰۃ ہاؤس کی نچلی منزل میں ہمدرد طبی مرکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جہاں ہمدرد میڈیکل کالج کے ڈاکٹر علاقے کی غریب عوام کی خدمت کا کام انجام دیتے ہیں۔ بہت زیادہ بیمار مریضوں کے آپریشن اور دواؤں کے انتظام کے لیے زکوٰۃ فاؤنڈیشن دوسرے اسپتالوں جیسے ایمس، صفدر جنگ، اپولو سے بھی رابطہ قائم کرتا ہے اور اُن مریضوں کے علاج میں مدد کرتا ہے۔

**غریب لڑکیوں کی شادی میں مدد:** غریب و نادار لڑکیوں کے نکاح کے لیے زکوٰۃ فاؤنڈیشن خاطر خواہ مدد کرتی ہے۔ ابھی بھی بہت سی لڑکیاں درخواست گزار ہیں اور فاؤنڈیشن کی طرف پُر اُمید نظروں سے دیکھ رہی ہیں۔

**بیواؤں و ضرورت مندوں کی مدد:** تقریباً 150 بیواؤں اور معذور خواتین و حضرات کو ماہانہ راشن دیا جاتا ہے۔ جس میں 10 کلو آٹا، 4 کلو چاول، 2 کلو دالیں، 2 لیٹر تیل، 2 کلو




چینی، 250 گرام چائے، صابن اور ضرورتِ زندگی کی دیگر چیزوں کا انتظام کیا جاتا ہے۔ ایک کٹ بننے میں تقریباً 1250 روپیہ کا خرچ آتا ہے۔ اس وقت بھی ہمارے پاس بہت سی درخواستیں موجود ہیں لیکن وسائل کی کمی کی وجہ سے ہم سب کو راشن نہیں دے پا رہے ہیں۔ لہٰذا مخیر خواتین و حضرات سے گزارش ہے کہ اس کارِ خیر میں حصہ لیں اور ایک، دو، پانچ، دس غرباء کی کفالت کی ذمہ داری لیں۔ ایک ضرورت مند کی کفالت میں سالانہ خرچ -/15000 روپیہ آتا ہے۔

## تعلیم اور روزگار

ملت کی فلاح بہبود، ترقی و کامرانی کا انحصار تعلیم پر ہے اور یہ ملت کی ذمہ داری ہے کہ ملت کا ہر نونہال



اسکول میں تعلیم حاصل کرے۔ اس ضرورت کے تحت زکوٰۃ فاؤنڈیشن کی طرف سے وقتاً فوقتاً طلباء کی فیس کتابیں اور دیگر ضروریات کا انتظام کیا جاتا ہے۔

**حکومت میں حصہ داری (سرسید کوچنگ اینڈ گائیڈینس سینٹر):** 2001ء کے سینسس کے حساب سے ملک میں مسلمانوں کی تعداد 13.4 فیصد ہے، لیکن حکومت میں اعلیٰ عہدوں پر اُن کا تناسب 2.5% سے کم ہے۔ اس خلا کو پُر کرنے کے لیے زکوٰۃ فاؤنڈیشن نے سرسید کوچنگ اینڈ گائیڈینس سینٹر قائم کیا ہے۔ جس کے تحت ملک بھر سے ملت کے ہونہار طلباء کو منتخب کرکے دہلی کے بہترین کوچنگ سینٹرز میں



کوچنگ کرائی جاتی ہے۔ ہر سال UPSC کے اس امتحان میں ملک بھر سے تقریباً 3,50,000 طلباء مقدر آزماتے ہیں۔ آخر میں تقریباً 800 سے 1000 اُمیدواروں کو منتخب کیا جاتا ہے۔ زکوٰۃ فاؤنڈیشن کے ذریعہ تربیت یافتہ اُمیدواروں کی کامیابی کا تناسب قومی تناسب سے بہت زیادہ ہے ہر سال 8-7 اُمیدوار کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ ہمارا ارادہ اس کام کے لیے بڑی اکیڈمی قائم کرنے کا ہے جہاں 500 طلباء کو رکھ کر ملک کے بہترین اساتذہ کے ذریعہ ان کی تربیت کرائی جائے اور حکومت میں بڑے پیمانے پر حصہ داری حاصل کی جائے، لیکن اس کام کے لیے ایک بڑی رقم درکار ہے۔

ان سب کاموں میں زکوٰۃ فاؤنڈیشن کو ملک بھر کے علما، مفتیان اور دانشوران کی مدد حاصل ہے اور سب ہی نے ہمارے کام کو سراہا ہے۔ زکوٰۃ فاؤنڈیشن میں ان سب کاموں کے لیے الگ الگ اکاؤنٹ موجود ہیں اور کسی بھی قسم کی مدد صرف چیک کے ذریعہ ہی کی جاتی ہے۔ فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹس ہر سال آڈٹ ہوتے ہیں۔ ضرورتمندوں سے درخواست فارم بھروا کر باقاعدہ انکوائری کی جاتی ہے اور پھر اُن کی مدد کردی جاتی ہے۔

زکوٰۃ فاؤنڈیشن کے پاس انکم ٹیکس میں فائدہ حاصل کرنے کے لیے 80G سرٹیفکیٹ اور بیرونِ ملک سے امداد کے لیے FCRA موجود ہے۔ آپ اپنی زکوٰۃ، امداد، فطرہ کی رقم ہمارے بینک اکاؤنٹس میں بھی جمع کرا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ Online تبادلہ کرنے کا بھی انتظام ہے۔ اس کام کے لیے آپ کو ہماری ویب سائٹ

www.zakatindia.org

پر Donate پر کلک کرنا پڑے گا۔ چیک یا کیش دینے کے لیے آپ ہمارے نمبروں پر بھی ڈائل کر سکتے ہیں۔ آپ سے چیک یا نقد رقم حاصل کرلی جائے گی۔ اور اس کے بدلے میں رسید دے دی جائے گی۔

A/c No. : 11208 Bank of India, Bahadur Shah Zafar Marg, New Delhi-2
Contact: 9810128972, 9891909158, 9268492370, 9811200621, 011-24375196, 26982781, 26984269

# زکوٰۃ فاؤنڈیشن کی کاوشوں پر ایک نظر

ملک عزیز ہندوستان میں سرکاری اعداد و شمار کے حساب سے مسلمانوں کی آبادی تقریباً 18 کروڑ ہے جس میں آدھی سے زیادہ آبادی غربت و افلاس سے نیچے زندگی بسر کرتی ہے۔ آزادی کے بعد پچھلے 65 سالوں میں مسلمانوں کے حالات لگاتار خراب ہوتے رہے ہیں اور یتیموں، بیواؤں، مریضوں، لاچاروں اور بے روزگاروں کی تعداد میں ان کی آبادی کے تناسب سے زیادہ گراوٹ آئی ہے۔ لاکھوں بیوائیں اپنے یتیم بچوں کو دو وقت روٹی نہیں کھلا پاتیں۔ لاکھوں بچے آج بھی اسکول نہیں جاتے اور اسکول جانے کی عمر میں مزدوری کر کے اپنے لاچار والدین کی تنگدستی دور کرنے میں مددگار بنتے ہیں۔ لاکھوں لڑکیاں جوان ہو کر اپنے بوڑھے ماں باپ کی آنکھوں میں سجائے ہوئے خوابوں کی تعبیریں نہیں بن پاتیں، اُن کو رشتے نہیں ملتے اور ہاتھوں میں مہندی لگنے کا انتظار کرتے کرتے بوڑھی ہو جاتی ہے۔ کئی مواقع پر لوگوں کے پاس بھیک مانگنے کے علاوہ دوسرا چارہ نہیں ہوتا۔ لاکھوں نوجوان تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود انہیں سرکاری یا غیر سرکاری اداروں میں نوکریاں نہیں ملتیں اور وہ ذہنی تناؤ کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بچے ہمارے لئے اللہ کا تحفہ ہیں، وہ والدین کے مستقبل کا سہارا اور انسانیت کے لیے اللہ کی رحمت ہوتے ہیں اور یہ اُن کا حق ہے کہ اُن کو بہترین تعلیم اور اخلاق سے آراستہ کیا جائے تا کہ وہ ملّت کا روشن باب بن سکیں، ملک اور قوم کو سنوار سکیں اور آخرت میں ہمارے لیے صدقۂ جاریہ ثابت ہوں۔ ہر بچے کا یہ حق ہے کہ وہ بہترین ماحول میں پروان چڑھے اور یہ ملّت کی ذمہ داری ہے کہ ایسے ہونہار یتیم و غریب بچوں کی کفالت کا ذمہ لے، ان کی آبیاری کرے اور ترقی کرنے میں ان کی رہنمائی کرے۔

قرآن کریم میں اللہ رب العزت ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم یتیموں، مسکینوں، بیواؤں اور گرے پڑے لوگوں کی خیر خواہی کریں۔ ہمارا دین ہماری رہنمائی کرتا ہے کہ ہمارے اقرباء اور پڑوسیوں میں کوئی بھوکا نہ رہے۔ ہم غرباء و مساکین کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں، ان کی کفالت کریں۔

اسی فکر کے تحت ۱۹۹۷ء میں زکوٰۃ فاؤنڈیشن آف انڈیا کا قیام عمل میں آیا تھا۔ فاؤنڈیشن کے تحت مندرجہ ذیل خدمات انجام دی جاتی ہیں:

**ہیپی ہوم:** ہیپی ہوم کا قیام ۲۰۰۲ء میں گجرات کے مسلم کش فسادات کے بعد عمل میں آیا تھا۔



۲۰۰۲ء میں لگایا گیا وہ پودا اب ایک تناور درخت بن چکا ہے۔ جہاں گجرات کے علاوہ ملک کی دوسری ریاستوں کے یتیم اور غریب بچوں کو رکھ کر اُن کی تعلیم اور تربیت کا انتظام کیا جاتا ہے۔ فی الوقت یہاں ۴۵ بچے زکوٰۃ فاؤنڈیشن کی زیر کفالت مقیم ہیں۔ ہیپی ہوم برائے گرلز بٹلہ ہاؤس میں قائم کیا گیا ہے۔ اس میں فی الوقت ۵۵ لڑکیاں ہیں۔ بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے مدّ نظر ایک ادارہ ہیپی ہوم کے نام سے بہرائچ (یو۔پی) میں بھی قائم کیا گیا ہے۔ ہیپی ہوم دہلی کے بچے اوکھلا میں واقع گاڈس گریس اسکول میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اسکول ہیپی ہوم سے ان بچوں کی تعلیمی فیس، یونیفارم اور کتابوں کے لیے کچھ بھی نہیں لیتا ہے۔ ہیپی ہوم میں ان بچوں کی تعلیم اور کھیل کود کا معقول انتظام ہے۔ بچوں کی دیکھ بھال کے لیے لگ بھگ 15 لوگوں کا تربیت یافتہ اسٹاف کام کرتا ہے۔ بچوں کی ٹیوشن کے لیے ٹیچر ہیں۔ دینی و اخلاقی تربیت کے لیے الگ سے مولوی صاحب اور مِلّانی صاحبہ کا تقرر بھی کیا گیا ہے۔ بچوں کے اسکول آنے جانے کے لیے اپنی سواری کا انتظام ہے۔

**طبی مراکز:** حکومت ہند کی قائم کردہ سچر کمیٹی کی رپورٹ کہتی ہے کہ ملک میں صرف ایک مقام ایسا ہے جہاں مسلمان بڑی تعداد میں دکھائی دیتے ہیں اور وہ ہے اسپتال۔ فاؤنڈیشن نے بھی اس حقیقت کو محسوس کیا اور کئی سال پہلے ایک ادارہ مرسی



ہوم کے نام سے قائم کیا جو آج کل بوانہ جے۔جے۔ کالونی، دہلی کے غریب عوام کی خدمت کر رہا ہے۔ بوانہ تقریباً 2 لاکھ لوگوں پر مشتمل جھگی جھونپڑی کالونی ہے جہاں بڑی تعداد مسلمانوں کی ہے۔ روزانہ سینکڑوں لوگ اس خدمت سے مستفید ہوتے ہیں۔

**مسجد کا قیام:** بوانہ علاقے میں کوئی مسجد نہیں تھی اور لوگ پارکوں وغیرہ میں نماز ادا کرتے تھے۔ زکوٰۃ فاؤنڈیشن نے اس ضرورت کو محسوس کیا اور بوانہ میں مسجد فاطمہ کا قیام عمل میں آیا۔ اور اس کے لیے پیسہ کا انتظام غیر زکوٰۃ فنڈ سے کیا گیا۔

(بقیہ صفحہ 1 کا: سیاسی گفت و شنید... )

قید ہٹائی جائے۔ نومبر 2006ء سے اب تک چھ برس سے زیادہ ہو گئے، سماجوادی پارٹی کے کسی رہنما نے اس سفارش پر کچھ نہیں کہا جبکہ پارٹی کو یہ معاملہ پارلیمنٹ میں زوردار طریقے سے اُٹھانا چاہیے تھا۔ سچر کمیٹی نے سفارش کی تھی کہ ہر صوبہ میں وہ انتخابی حلقے جہاں مسلمان بڑی تعداد میں ہیں اور جہاں شیڈولڈ کاسٹ کے لوگ بہت کم ہیں ان پر سے ریزرویشن ہٹا لیا جائے۔ ان کے بجائے ان انتخابی حلقوں کو ریزرو کیا جائے جہاں مسلمان بہت کم ہیں اور جہاں شیڈولڈ کاسٹ کی بڑی تعداد ہے۔ اس سفارش کے بارے میں بھی سماجوادی پارٹی نے پچھلے چھ برس میں نہ کوئی کاغذی کارروائی کی اور نہ ہی اس پر کوئی بیان ہی دیا۔ سماجوادی پارٹی کو چاہئے کہ وہ مرکزی حکومت پر زور ڈالے کہ اگلا ڈی لمیٹیشن کمیشن فوراً بنایا جائے اور اس کو تاکید کی جائے کہ اوّلیت کے ساتھ پورے ملک میں ان تمام انتخابی حلقوں پر نظر ثانی کی جائے جو درج فہرست ذاتوں کے لیے ریزرو ہیں، اور ان میں سے جہاں جہاں مسلمان بڑی تعداد میں ہیں، ان پر سے ریزرویشن اُٹھا لیا جائے اور ان کے بدلے ان انتخابی حلقوں کو ریزرو کر دیا جائے، جہاں شیڈیولڈ کاسٹ بڑی تعداد میں ہیں۔ ساتھ ہی وہ یہ کام یو. پی. میں تو خود اپنی افسر شاہی کے ذریعہ ہی کروا سکتے ہیں جس سے آگے ڈی لمیٹیشن کمیشن کو مدد ملے گی۔

کاشی وشوناتھ مندر ٹرسٹ کے تمام ممبر اور عہدہ دار صوبہ کے سینئر ترین آئی. اے. ایس. آفیسر ہوتے ہیں لیکن ان کے مقابلہ میں صوبائی وقف بورڈ کا سی. ای. او. کئی درجہ کمتر ملازم ہوتا ہے۔ اسی سے پوری صوبائی حکومت کو سگنل چلا جاتا ہے کہ وقف بورڈ ان کے گھر کی کھیتی ہے، اس سے حکومت کو صرف فائدہ اُٹھانا ہے، اس کی طرف توجہ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ یہی حال دیگر صوبوں میں بھی ہے۔ لہٰذا سچر کمیٹی نے یہ اہم سفارش کی کہ ایک نئی آل انڈیا سروس قائم کی جائے جسے انڈین وقف سروس کہا جا سکتا ہے۔ سماجوادی پارٹی نے اس تعلق سے نہ مرکزی حکومت کو کوئی خط بھی لکھا اور نہ اس ایشو پر کوئی بیان ہی دیا۔ سماجوادی پارٹی اگر اڈوانی کی تعریف میں بیان دے سکتی ہے تو مسلمانوں اور سچر کمیٹی کے ان اہم نکتوں پر بھی اپنی آواز اُٹھا سکتی ہے۔ ادھر فی الحال یو. پی. میں تو وہ کسی مسلمان آئی. اے. ایس افسر کو وقف بورڈ کا سی. ای. او. بنا ہی سکتی ہے۔ سچر کمیٹی نے ایک اہم سفارش کی کہ سرکاری عہدوں پر نامزدگی کرتے وقت حکومت کو مسلمانوں کی زیادہ نامزدگی کے لیے ایک میکانزم بنانا چاہئے۔ سماجوادی پارٹی نے یو. پی. میں ایسا کوئی میکانزم نہیں بنایا ہے۔ صوبہ کی آبادی میں پانچواں حصہ مسلمانوں کا ہے۔ لہٰذا ہر پانچویں نامزدگی مسلمان کی ہی ہونی چاہیے۔

ان سب کاموں کو کرنے کے لیے 2014ء کے پارلیمانی الیکشن کا انتظار کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ مسلم رہنماؤں کو چاہیے کہ یہ سب کام اگلے تین ماہ کے اندر کروا لیں۔ دیگر صوبوں میں بھی ضروری ردوبدل کے ساتھ انہیں خطوط پر کارروائی ہونی چاہیے۔ تمام ملّی تنظیموں، جماعتوں، اداروں، مدارس، مساجد کے ذمہ داروں نیز اساتذہ، ائمہ، خطبا و واعظین کو مندرجہ بالا عنوانات پر ملت کو ہدایت و تاکید اور اُن کی ذہن سازی کرنی چاہیے۔ تبلیغی جماعت کے ذمہ دار حضرات ملت کی تربیت میں بڑا اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ وہ اپنے دائرہ عمل کو ضرور مزید آراستہ کرنا چاہیں گے۔ اللہ اُن کے کام کو برکت سے نوازتا رہے۔ مرکزی حکومت نے تو ملت کو اپنے شمار و قیاس و منصوبہ بندی سے خارج ہی کر دیا ہے۔ اب اگلے چند ماہ میں سماجوادی پارٹی کی بھی مسلمانوں سے محبت کا راز اور زیادہ کھل جائے گا۔ پھر بھی ایسا نہیں ہے کہ ہمارے پاس کوئی متبادل راستہ نہیں ہے۔ ہم شیڈولڈ کاسٹ اور او. بی. سی لوگوں کو سماج میں وہ مقام دے سکتے ہیں جو انہیں کبھی نہیں ملا۔ یہ ہمارا اسلامی فریضہ بھی ہے۔ ان کے اور عیسائیوں کے ساتھ مل کر ہم ملک میں ایک مضبوط طاقت بن سکتے ہیں۔ لیکن اس کے لیے بقول وسیم بریلوی:

روشنی کا تخیل ہی کافی نہیں
مشعلوں کا ہمیں قافلہ چاہیے

## دلت، مسلم، عیسائی اتحاد کے لئے...




دلتوں اور پسماندہ طبقات کے ساتھ مسلمانوں اور عیسائیوں کے سماجی اتحاد کو تقویت دینے کے لئے زکوٰۃ فاؤنڈیشن آف انڈیا کے صدر ڈاکٹر سید ظفر محمود صاحب نے فاؤنڈیشن کے دیگر عہدیداران کے ساتھ ۲۰ اپریل ۲۰۱۳ کو لکھنؤ میں دلت لیڈر مسٹر اودت راج کی طرف سے منعقد دلتوں کی ایک ریلی میں شرکت کی اور مسلمانوں کو یہ پیغام دیا کہ وہ دلتوں کو سماجی طور پر عزت و اکرام کا مقام دلانے کے لئے آگے آئیں اور اخوت و مساوات کی اسلامی تعلیمات پر عمل درآمد کر کے اسلام کے پیغام کو دنیا کے سامنے لائیں۔

لوگوں کو کچھ لوگوں پر افضلیت و برتری دی ہے۔ اصحاب المال پر یہ ذمہ داری ڈالی گئی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ زندگی کے اسباب و وسائل تمام انسانوں کے درمیان ان کے نجی معاشی مرتبہ اور قوت اکتساب (کمانے کی صلاحیت وسکت) کی تمیز کے بغیر مساوی طریقہ سے تقسیم ہوں۔ ساتھ ہی قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے عیش وعشرت کے لئے منع فرمایا ہے۔ لاتُسـرِفُوْا کا حکم متعدد مقامات پر آیا ہے۔ (۶:۱۴۱، ۷:۳۱) مال ضائع کرنے کو بھی منع کیا گیا ہے۔ اللہ فرماتا ہے: مفہوم: اپنی دولت کو بدمستی اور آوارگی میں مت اُڑاؤ۔ (۱۷:۲۶) سورۂ بقرہ کی آیت ۲۱۹ میں صاف حکم ہے کہ تمہارے پاس جو بھی ضرورت سے زیادہ ہے، اسے تمھیں اللہ کی راہ میں خرچ کردینا چاہیے۔ اس حکم کو قُلِ الْعَفْو کا نام دیا گیا ہے۔ ہم اگر یہ سمجھیں کہ ہماری آمدنی کروڑوں روپے ہے اور ہم صرف ۲٫۵ فیصد زکوۃ دے دیں تو ہم اللہ کے پسندیدہ بندے بن جائیں گے تو ہم غلط فہمی میں ہیں۔ اسلام میں آمدنی کی تقسیم تو اقتصادی نظام کی بنیاد بنایا گیا ہے۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے، لیکن غیر مسلم ممالک میں یہی ذمہ داری مسلم افراد و مسلم سماج کی ہوجاتی ہے۔ مال و دولت کی گردش پورے معاشرہ میں ہونی چاہیے، نہ کہ یہ صرف امیروں اور دولت مندوں کے درمیان ہی گھومتی رہے۔ اللہ کے حکم کے مطابق خرچ کرنے کا نتیجہ عوام الناس کے لئے روزگار کے وسائل پیدا کرنے کی خاطر مال و اسباب اور تربیت کی فراہمی کی صورت میں ہونا چاہیے۔ ہر دولت مند شخص صرف اللہ کے فضل کا عارضی متولی ہے۔ (۵۷:۷) کبھی کبھی اللہ تعالیٰ بندے کو ان ہدایات کی نافرمانی کرنے کے منفی نتائج یعنی اس سے اپنا فضل واپس لے کر اس کی زندگی میں ہی دکھا بھی دیتے ہیں۔ (۷:۳۳) ایسے تمام لوگوں کے لیے جنھیں اللہ نے دوسروں کے مقابلہ زیادہ نوازا ہے، یہ ضروری ہے کہ ان کے اثاثے اور وسائل عام سماجی و اقتصادی بہبود کے لیے استعمال کیے جائیں۔ اسلام میں عوامی مفاد کو لاحاصل نجی ملکیت پر فوقیت دی گئی ہے۔ جب تک ہمارا ملک جاگے اور اس سمت متحرک ہو اس دوران ہم مسلمان تو اپنے ہم وطنوں کے لئے مشعل راہ بن ہی سکتے ہیں اور اس وصالِ صنم پر افضلیت سے اپنے خدا کو بھی پاسکتے ہیں۔ بقول علامہ اقبال:

یہ مال و دولت و دنیا یہ رشتہ پیوند
بتانِ وہم و گماں لا الہ الا اللہ

(باقی صفحہ 3 کا)

پالیسیاں وضع کرے گی، لیکن عملی صورت یہ ہے کہ گجرات میں اقلیتی طلباء کے لئے مرکزی اسکالرشپ اسکیم کو نافذ نہیں کیا گیا، جس پر ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ نے حکومت کی سرزنش بھی کی۔

ڈاکٹر ظفر محمود صاحب نے ۲۰۰۲ء کے مسلم کش فسادات کی عکاسی بھی کی۔ انھوں نے فساد کے مسلم متاثرین کی موجودہ بدحالی کی تصویریں دکھاتے ہوئے لوگوں کو بتایا کہ فساد میں اجاڑے گئے مسلمان دھورو جی نگر اور سٹیزن نگر کے گندے علاقوں میں بے سروسامانی کے ساتھ خیموں کی بستی میں رہ رہے ہیں جہاں سارے شہر کی غلاظت آکر جمع ہوتی ہے۔ جہاں نہ پینے کا پانی فراہم ہے، نہ گندے پانی کی نکاسی کا انتظام ہے، نہ اسکول ہیں، نہ اسپتال ہیں۔ انھوں نے مجمع میں موجود سارے لوگوں کی دعوت دی کہ وہ خود جاکر دیکھیں کہ فساد کے مارے مسلمان فساد کے ۱۱ سال بعد بھی کیسی بدحالی میں جی رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ سب ہندستان کے وہ شہری ہیں جن سے آپ ووٹ کی امید کرتے ہیں۔ اس لئے ان سے ووٹ لینے کے لئے ان کے حق کو پہچانئے۔ ڈاکٹر ظفر نے اپنے طویل پریزینٹیشن میں کئی اشعار بھی پیش کئے جس میں ایک شعر یہ تھا:

دل بینا بھی کر خدا سے طلب
آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

ڈاکٹر ظفر محمود صاحب کی اس صاف گوئی اور حقیقت بیانی سے جہاں ایک طرف حاضرین کو حقیقت سے آگاہی ہوئی وہیں پروگرام کے منعقدین کی توقعات یقیناً پوری نہیں ہوئیں۔ ان کی مایوسی کا اندازہ اسی سے ہوگیا کہ ڈاکٹر ظفر محمود صاحب کے پریزینٹیشن کے دوران پروگرام کا لائیو ٹیلی کاسٹ اور ویب کاسٹنگ رکی رہی، تاہم ان صاف صاف باتوں کو رد کرنے کی ہمت خود نریندر مودی کو بھی نہیں ہوئی اور مودی نے اتنا ہی کہنے پر اکتفا کیا ہر ایک کو بات کہنے کا حق ہے اور ڈاکٹر ظفر محمود صاحب نے بھی غور وفکر کے کچھ نکات سامنے رکھے ہیں۔

زکوۃ فاؤنڈیشن کے صدر کی اس تقریر کی بازگشت میڈیا میں بھی ہوئی اگلے دن کے کئی قومی اخبارات نے اس واقعہ کی رپورٹ نمایاں طور پر شائع کی۔ جن میں انگریزی اخبار ٹائمس آف انڈیا اور دی ہندو بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ ویب سائٹس پر بھی یہ رپورٹ کافی سرعت کے ساتھ جاری ہوئی۔ کچھ اردو اخبارات نے اسے اپنے اداریوں کا موضوع بھی بنایا۔ ملی حلقوں میں ڈاکٹر ظفر محمود صاحب کے اس موقف کی عام طور سے تائید وتحسین کی گئی اور اسے ظالم حکمراں کے سامنے کلمہ حق سے تعبیر کیا گیا جسے حدیث شریف میں افضل الجہاد کہا گیا ہے۔ خود ظفر محمود صاحب نے اس سلسلے میں کیے گئے سوالات کے جواب میں یہ کہا کہ انہیں اس کی ترغیب حضرت موسیٰ کے واقعہ سے ملی جو قرآن میں بیان ہوا ہے جس میں حضرت موسیٰ کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا تھا کہ فرعون کے پاس جاؤ اور اسے تنبیہ کرو۔

علامہ اقبال نے بھی کہا ہے:

ہزر خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

# یہ مال و دولت و دنیا....

فوربز میگزین (Forbes Magazine) کے اعداد وشمار کے مطابق ہندوستان کے ۱۰۰ سب سے زیادہ دولت مند افراد کے پاس ۱۶،۵۰،۰۰۰ کروڑ روپے (۳۰۰۰ Billion US Dollars) قیمت کی دولت ہے۔ ملک میں ۶۱ عرب پتی ہیں اور یہ ملکی تعداد جاپان، چین، برطانیہ اور فرانس سے زیادہ ہے۔ ان ۶۱ ارب پتیوں کی دولت ہندوستان کی مجموعی ملکی پیداوار (Gross Domestic Product - GDP) کا ۳۱ فیصد ہے۔ ہندوستانی محققین کے مطابق ملک کی ۴۲ فیصد دولت آبادی میں اوپر کے ۱۰ فیصد باشندوں کی ملکیت میں ہے۔ ۱۸،۰۰،۰۰۰ گھروں کی سالانہ آمدنی ۵۰،۰۰،۰۰۰ روپے سے زیادہ ہے اور وہ اپنی آمدنی کا ۱۰ فیصد یا اس سے زیادہ عیش وعشرت پر خرچ کرتے ہیں۔ اس کے برعکس ملک کے ۸۰ فیصد باشندوں کی ماہانہ آمدنی ۲۰۰،ا روپے یا اس سے کم ہے۔ ورلڈ بینک کے ۲۰۱۳ کے اعداد وشمار کے مطابق دنیا کے مفلس ترین ملکوں کے ۳۳ فیصد ہندوستان میں پائے جاتے ہیں۔

آئین ہند کے چوتھے جز کی دفعہ ۳۹ میں حکومت کی رہنمائی کی گئی ہے کہ سماج کے مادی ذرائع کی ملکیت اور اُن پر اختیار کی تقسیم اس طرز پر کی جائے کہ مفاد عامہ کو بہترین فروغ ملے اور اقتصادی نظام کے نفاذ سے ملکی دولت کا چند ہاتھوں میں ہی جمود نہ ہوجائے اور صنائع و دیگر پیداوار کے وسائل کے استعمال سے کوئی عوامی نقصان نہ ہو۔ لیکن ہمارے ملک کی اقتصادی پلاننگ میں اس ایشو کا خیال عموماً نہیں رکھا جاتا ہے۔ اس کے برخلاف ہر برس ملکی و عالمی سطح پر بڑی تگ ودو کے بعد اور بڑے فخر سے میڈیا میں رپورٹ کیا جاتا ہے کہ کن افراد کے پاس سب سے زیادہ دولت ہے۔ مقامِ افسوس ہے کہ اقوامِ متحدہ نے بھی اس ایشو کو اپنے چارٹر میں شامل نہیں کیا اور چارٹر میں ترمیم کے لیے عالمی سطح پر کوئی کوشش بھی نہیں ہو رہی ہے۔ پھر بھی ہم ہندوستانی لوگ آنکھ بند کر کے اس مغربی تنزلی میں لگے ہیں۔

ہونا یہ چاہیے کہ جس طرح عوام بدعنوانی جیسی سماجی برائیوں کے خلاف احتجاج میں سڑکوں پر اُترتے ہیں اور میڈیا ان ایشوز کی وسیع رپورٹنگ کرتا ہے، اسی طرح آئین کی اس دفعہ کے عادلانہ نفاذ کے لیے بھی عوامی تحریک چلائی جائے اور میڈیا کے لیے یہ چیز اہم ایشو بنے۔ انکم ٹیکس کا قانون صرف حکومت کے لیے مال گزاری جمع کرنے کا ذریعہ نہیں ہے بلکہ اس سے کہیں زیادہ سماجی نشو ونما کی رہنمائی کا آلہ ہے۔ مثلاً دو لاکھ روپے تک سالانہ انفرادی آمدنی پر کوئی ٹیکس نہیں ہے۔ ۲-۵ لاکھ روپے کی سالانہ انفرادی آمدنی پر ۱۰ فیصد، ۵-۱۰ لاکھ روپے کی سالانہ انفرادی آمدنی پر ۲۰ فیصد اور ۱۰ لاکھ سے زائد کروڑوں، اربوں روپے کی سالانہ انفرادی آمدنی پر بھی صرف ۳۰ فیصد ہی ٹیکس ہے۔ یعنی کہ جس شخص کی آمدنی ۱۱ لاکھ روپے ہے اس کے پاس ٹیکس دینے کے بعد ۸ لاکھ روپے سے کم رقم بچتی ہے اور جس کے سالانہ آمدنی ایک کروڑ روپے ہے اس کے پاس ٹیکس دینے کے بعد ۷۰ لاکھ روپے بچتے ہیں۔ اور جس کی سالانہ آمدنی دس کروڑ روپے ہے، اس کے پاس ٹیکس دینے کے بعد ۷ کروڑ بچتے ہیں اور جس شخص کی آمدنی ۱۰۰ کروڑ ہے اس کے پاس ٹیکس دینے کے بعد ۷۰ کروڑ بچتے ہیں۔ یہ آئین کی چوتھے جز کی صریح خلاف ورزی ہے۔ جس میں حکومت وقت کو تاکید کی گئی ہے کہ ملکی دولت کی عوامی اشتراکیت میں مساوات قائم کیے جانے کے لیے قانونی چارہ جوئی کی جائے۔ دراصل ٹیکس کا ریٹ اس پر منحصر ہونا چاہیے کہ ٹیکس دینے کے بعد فرد کے پاس کتنی رقم بچنے دی جائے تاکہ اس کی زندگی بخوبی گزرے پھر بھی اس کے اور دیگر باشندوں کے پاس جو رقم بچ رہی ہے اس میں فرق کا تناسب بہت زیادہ نہ ہو۔

آزادی کے بعد قانون سازی کے ذریعہ زمینداری کا خاتمہ کر دیا گیا۔ یہی زمیندار لوگ عرصہ دراز سے آزادی تک اپنے کو امرا و شرفا کہلوانا پسند کرتے تھے۔ دراصل ان ہی لوگوں نے اپنے زعم میں ہندوستانی مسلمانوں میں اسلام مخالف ذات پات کو بھی فروغ دیا۔

انھیں کی وجہ سے سماج میں عدم مساوات کا بول بالا ہوا۔ ان میں سے جو قدرے زیادہ دولت مند تھے، وہ جاگیردار، منصب دار کہلاتے تھے اور ان دونوں سے زیادہ دولت مند لوگ اپنے کو نواب، مہاراجہ، راجہ وغیرہ کہلواتے تھے اور آزادی کے بعد ان کے ورثا اپنا کو شہزادہ کہلوانے لگے۔ ۱۹۷۱ء کی آئینی ترمیم کے بعد ان شہزادوں کے سلطانی بٹوے (Privy Purses) بند کئے گئے۔ یہ ساری کاروائی آئین میں مقرر کردہ رہنما اُصولوں کے تحت ہی ہوئی۔ اسی طرح اکیسویں صدی کے جاگیرداروں پر بھی بجائے ان کی بیش بہا دولت کی تعریف کرنے، اسے متبرک بنانے اور ان لوگوں کی ضیافت اور ان کی ناموری میں اضافہ کرنے کے، حکومت کو اپنا تسمہ کسنا ہوگا، ان پر ٹیکس کا ریٹ بڑھانا ہوگا لیکن اس کے لئے ملک میں عوام کو سازگار ماحول بنانا ہوگا۔

اسلامی شریعت میں بھی اسی طرز کی حکمت عملی کے احکامات ہیں۔ اللہ نے مادی اسباب و وسائل میں کچھ

# ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق

## نریندر مودی کی موجودگی میں ظفر محمود صاحب کی کھری کھری باتیں

گجرات کی راجدھانی احمد آباد میں گزشتہ ۲۹ جون کو سٹیزنس فار اکاؤنٹیبل گورننس" (سی اے جی) نامی تنظیم کی طرف سے "ہندستانی نوجوانوں کو مطلوبہ مواقع فراہم کرنے میں حکومت اور تجارت کا رول" کے موضوع پر ایک خصوصی مذاکراتی پروگرام منعقد کیا گیا تھا۔ گجرات کے وزیر اعلیٰ نریندر کو اس پروگرام کا مہمان خصوصی بنایا گیا تھا اور دوسری طرف متعدد سرکردہ مسلمانوں کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ بظاہر اس پروگرام کا مقصد مسلمانوں کے تئیں بی جے پی کے نرم گوشے کو ظاہر کرنا تھا۔ چنانچہ کچھ مسلم نمائندوں نے تو اس میں شرکت ہی نہیں کی، جبکہ کچھ دوسرے لوگ اس پروگرام کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہی اس میں شامل ہوئے تھے۔ لیکن زکوۃ فاؤنڈیشن آف انڈیا کے صدر ڈاکٹر ظفر محمود صاحب نے اس پروگرام میں شریک ہونے کی دعوت کو اپنی بات کہنے کے لئے ایک غنیمت موقع جانا اور پوری تیاری کے ساتھ اس پروگرام میں شامل ہوئے۔ انھوں نے اپنی باری آنے پر پروگرام کے منعقدین کی توقع کے برخلاف نریندر مودی اور بی جے پی کو ان کی مسلم مخالف پالیسیوں کا آئینہ دکھایا۔ انھوں نے کہا کہ ان کا مقصد اپنے لئے کوئی منفعت حاصل کرنا نہیں ہے بلکہ محروم اور مجبور مسلمانوں کے حق کیلئے اٹھنے والی کسی بھی کوشش کا ساتھ دینا ہے۔

ڈاکٹر ظفر محمود نے پاور پوائنٹ کی مدد سے مسلمانوں سے متعلق متعدد ایشوز ترتیب وار پیش کئے۔ انھوں نے سب سے پہلے بی جے پی کی ویب سائٹ کا حوالہ دیتے ہوئے اس کے ہندوتوا کے فلسفے، مسلمانوں کے تشخص کو ہندوتوا میں ضم کر لینے کی خواہش اور مسلمانوں کے اسلامی تشخص پر اصرار کو ایک پریشان کن مسئلہ سمجھنے کو حاضرین کے سامنے کھول کھول کر پیش کیا اور کہا کہ اس فکر اور نظریے کو معقول انسانی جذبات رکھنے والا کوئی شہری کبھی قبول نہیں کر سکتا۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی یکساں سول کوڈ پر تو خوب زور دیتی ہے لیکن دستور کے رہنما اصولوں میں ہی شامل دفعہ ۴۶ پر کبھی کوئی بات نہیں کرتی جس میں کہا گیا ہے کہ ریاست کمزور طبقات کے تعلیمی اور اقتصادی مفادات کو خصوصی اقدامات کے ذریعہ تقویت فراہم کرے گی۔

پھر انھوں نے بی جے پی کے مینی فیسٹو میں مسلمانوں کے تعلق سے رکھے گئے مثبت اعلانات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بی جے پی نے وقف املاک کو ناجائز قبضوں سے آزاد کرانے کے لئے جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی سفارشات پر غور کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ اگر بی جے پی اس سلسلے میں سنجیدہ ہے تو جے پی سی کی کئی دوسری سفارشات بھی ہیں جنھیں پورا کرانے کے لئے بی جے پی کو اپوزیشن میں رہتے ہوئے بھی زور لگانا چاہئے۔ سچر کمیٹی نے انڈین وقف سروس قائم کرنے کی سفارش کی تھی، بی جے پی کو چاہئے کہ وہ اس مانگ کی حمایت کرے۔ ڈاکٹر ظفر محمود نے حاضرین کے سامنے پوری وضاحت کے ساتھ اس بات کو اٹھایا کہ مختلف ریاستوں میں قانون کی رو سے ہندو مذہبی مقامات اور عوامی املاک کے انتظامات و انصرام کے لئے ریاستی حکومت کے اعلیٰ عہدیدار ہندو ہونے کی شرط کے ساتھ متعین کئے جاتے ہیں، لیکن مسلمانوں کے اوقاف کے لئے اگر خصوصی وقف سروس قائم کرنے کی بات کی جاتی ہے تو اسے علیحدگی پسندی کا نام دیا جاتا ہے، جو کہ سوچ اور برتاؤ کا ایک دوہرا معیار ہے۔

ڈاکٹر ظفر محمود صاحب نے شیڈولڈ کاسٹ اور شیڈولڈ ٹرائب کی تعریف کو مذہبی دائرے میں محدود رکھنے کے مسئلہ کو بھی حاضرین کے سامنے پیش کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ بالکل غیر آئینی بات ہے کہ ایک ہی طرح کی سماجی اور اقتصادی حالت رکھنے والوں کو ریزرویشن دینے کے معاملے میں ان کے درمیان مذہبی بنیاد پر تفریق کی جائے۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی اگر آئین و انصاف میں یقین رکھتی ہے تو اسے اس ناانصافی کے خلاف آواز اٹھانی چاہئے اور مسلمانوں و عیسائی دلتوں کو بھی درج فہرست ذاتوں میں شامل کرنے کی مانگ کا ساتھ دینا چاہئے اور ۱۹۵۰ کے صدارتی حکم نامہ سے مذہب کی قید کو ہٹانے کی مانگ کرنی چاہئے۔ مسلمانوں کے غلبہ والے انتخابی حلقوں کو درج فہرست ذاتوں کے لئے ریزرو کر دینے کے مسئلہ کو بھی ڈاکٹر ظفر محمود نے اٹھایا۔ انھوں نے تمام متعلقہ اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے حاضرین کے سامنے یہ سوال رکھا کہ کیا یہ مسلمانوں کی سیاسی نمائندگی کو کم سے کم رکھنے کی سازش نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی اگر مسلمانوں سے ووٹ کی امید کرنا چاہتی ہے تو وہ مسلمانوں کے ساتھ ہونے والی اس زیادتی کو ختم کرائے۔

زکوۃ فاؤنڈیشن کے صدر نے بی جے پی کی طرف سے وزارت عظمیٰ کے متوقع امیدوار نریندر مودی کے لئے سب سے زیادہ چبھتا ہوا یہ سوال بھی اٹھایا کہ ۲۰۰۹ کے مینی فیسٹو میں بی جے پی نے دعویٰ تو یہ کیا تھا کہ بی جے پی مسلمانوں میں جدید تعلیم کو بڑھاوا دینے کے لئے

(باقی صفحہ 5 پر)

## شعر حکمت

تقدیر کے پابند نباتات و جمادات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند

علامہ اقبالؒ

زکوٰۃ فاؤنڈیشن آف انڈیا کا مجلّہ
زکوٰۃ انڈیا
Zakat India
Periodical bulletin of Zakat Foundation of India

جلد نمبر۴ اپریل تا جون ۲۰۱۳ شمارہ۲
Vol. 4 April-June 2013 Issue 2

Chief Editor — چیف ایڈیٹر
Dr. Syed Zafar Mahmood — ڈاکٹر سید ظفر محمود
Advisory Council — مجلس مشاورت
Mufti Fuzail-ur-Rahman Usmani — مفتی فضیل الرحمن ہلال عثمانی
S. M. Shakil — ایس ایم شکیل
Asrar Ahmed — اسرار احمد
Anisur Rahman — انیس الرحمن
Qayamuddin — قیام الدین
Irfan Baig — عرفان بیگ
Mumtaz Najmi — ممتاز نجمی
Mufti Dr. M. Adil Jamal — مفتی ڈاکٹر عادل جمال
Kamal Akhtar — کمال اختر
Shabahat Hussain — شباہت حسین
Editor — ایڈیٹر
Adeel Akhtar — عدیل اختر

Printed by Wonders India Enterprises, 9811200621

Kindly do write to us your feedback, comments and suggestions:
Zakat Foundation of India
A-11, Khajuri Road
Jogabai Extension
Batla House, Jamia Nagar
New Delhi-110025, Ph. +91 11 26982781, 26984269
E-mail : info@zakatindia.org
Website : www.zakatindia.org
Mobile : +91 9810140615

# اداریہ

## زکوٰۃ کی تمام مدوں کی طرف توجہ کیجئے

زکوٰۃ دین کا تیسرا ستون ہے، یعنی اللہ کی طرف سے فرض کی گئی چار بنیادی عبادات میں سے ایک ہے۔ اس کی فرضیت اور اہمیت کا اندازہ تو اسی سے ہو جاتا ہے کہ قرآن کریم میں بیشتر مقامات پر اللہ تعالیٰ نے نماز کی ادائیگی کے ساتھ ہی زکوٰۃ کی ادائیگی کا حکم دیا ہے: اقیموا الصلوٰۃ و اٰتوا الزکوٰۃ (نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو)۔

البتہ یہ ہم مسلمانوں کی محرومی اور غفلت ہے کہ اللہ کی طرف سے عائد فرض عبادات کو پابندی اور ضابطے کے ساتھ ادا کرنے والوں کا تناسب غالباً نصف سے بھی کم ہے، یعنی ۵۰ فیصد مسلمان بھی اولین عبادت (نماز) ادا نہیں کرتے۔ اس پر مزید افسوس کی بات یہ ہے کہ دین دار اور عبادت گزار مسلمانوں میں بھی بہت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو زکوٰۃ کی ادائیگی کو نماز کی طرح اہم نہیں سمجھتے اور اپنے مال کو پاک نہیں کرتے۔

یہ تو رہی عام مسلمانوں کی عبادات سے محرومی اور تعلق باللہ سے دوری کی بات۔ لیکن اس سے قطع نظر، وہ دین دار مسلمان جو نماز اور روزے کی طرح زکوٰۃ بھی پابندی سے ادا کرتے ہیں انہیں اس طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے کہ جس طرح نماز، روزے اور حج کو اللہ اور رسول ﷺ کے بتائے گئے طریقے کے مطابق ہی انجام دیا جاتا ہے اسی طرح زکوٰۃ کی ادائیگی کا بھی ایک معیاری طریقہ ہے جس کے مطابق اسے ادا کرنا چاہئے۔ اس میں سب سے پہلی چیز زکوٰۃ کا اجتماعی نظم ہے۔ اسلامی حکومت کی موجودگی میں تو زکوٰۃ وصول کرنے اور اسے تصرف میں لانے کی ذمہ داری خود حکومت کی ہوتی ہے، لیکن اسلامی حکومت نہ ہونے کی صورت میں مقامی اور علاقائی سطح پر بیت المال اور زکوٰۃ فنڈ قائم ہونے چاہئیں جس میں رضاکارانہ طریقہ سے لوگ زکوٰۃ جمع کیا کریں۔

دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ زکوٰۃ کی رقم کا استعمال ان تمام مدوں میں کیا جانا چاہئے جو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بیان کی ہیں: ”یہ صدقات (۱) فقیروں (۲) مسکینوں (۳) زکوٰۃ جمع کرنے پر مامور کئے گئے لوگوں (۴) تالیف قلب کے مستحق (نومسلموں یا مسلمان ہونے پر آمادہ) لوگوں کے لئے، نیز (۵) غلامی سے گردنیں چھڑانے (۶) قرض داروں کو قرض کے بوجھ سے نجات دلانے (۷) اللہ کے راستے میں خرچ کرنے اور (۸) مسافروں کی مدد کرنے کے لئے ہیں۔“ (التوبہ:۶۰)

افسوس اور نقصان کی بات یہ ہے کہ ان جملہ مدوں کی طرف نہ لوگوں کی توجہ ہے اور نہ توجہ دلائی جاتی ہے۔ بلکہ بعض مدوں کو تو ساقط مان لیا گیا ہے حالانکہ یہ ساری مدیں کسی بدلی ہوئی صورت میں آج بھی وہی اہمیت رکھتی ہیں۔ مثلاً غلامی سے گردن چھڑانے کا بدل آج ان لوگوں کو جیلوں سے آزاد کرانا ہے جو ظلماً جیلوں میں بند کر دئے جاتے ہیں، یا کسی قصور میں پکڑے جاتے ہیں اور قانونی پیروی کے حق کو استعمال کرنے کے لئے ان کے پاس وسائل نہیں ہوتے۔ اسی طرح تالیف قلب کی مد کو بھی آج خاص طور سے استعمال میں لانے کی ضرورت ہے جسے مبلغین اسلام مدعو لوگوں کو دین میں لانے کے لئے مدد اور ترغیب کے طور پر استعمال کر سکیں۔ مجبور اور بے کس قرض داروں کو قرض کے بوجھ سے نجات دلانے کی ضرورت تو ہمیشہ ہی رہتی ہے۔ غرباء اور مساکین کے لئے بھی اس کا استعمال اس طرح ہو کہ ان کی غربت اور مسکینی دور ہو جائے کہ یہی زکوٰۃ کا مقصد ہے۔ جب کہ ہم نے اپنے طریقہ کار سے اپنی قوم کو فقیروں اور بھیک منگوں کی قوم بنا دیا ہے۔ اللہ ہمیں دین کی سمجھ اور صراط مستقیم کی توفیق دے۔ آمین

اللہ ان لوگوں کی مدد کرتا ہے جو اس کی نصرت کے لئے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں

# زکوٰۃ انڈیا

زکوٰۃ فاؤنڈیشن آف انڈیا کا مجلہ

**فرمان الٰہی**

(اے نبی ﷺ) آپ ان سے کہہ دیجئے کہ حاجت سے زائد چیزیں اللہ کی راہ میں خرچ کرو اللہ تعالیٰ طرح اپنے احکام صاف صاف تمہارے لئے بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو سمجھو۔ (البقرہ:۲۱۹)

**ارشاد رسالت ﷺ**

مال کا ہونا اس شخص کے لئے کوئی نقصان کی چیز نہیں ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ سے ڈرتا ہے۔

(اربعین امام نوویؒ)

جلد نمبر۴ | اپریل تا جون ۲۰۱۳ | شمارہ۲

# سیاسی گفت وشنید: ملّی بنام انفرادی مفاد

ملک میں پینسٹھ سال سے مسلمانوں کی مشترکہ حق تلفی کی ایک وجہ رہی ہے مسلم رہنماؤں کا حکومت سے ذاتی طور پر اپنے لیے یا اپنے اہل خانہ کے لیے کچھ مانگ کر لے لینا۔ اس کو انگریزی میں کہا جاتا ہے Barter System یعنی چیز کے بدلہ چیز کی تجارت۔ وقت آگیا ہے کہ اس پر کھل کے بات کی جائے۔ سیاسی جماعتوں اور حکومتوں کو بھی یہ سمجھانا بڑا ضروری ہے کہ چندہ مسلم اشخاص کو ذاتی یا خاندانی طور پر مرہونِ منت بنا کے پوری ملت کے ووٹ حاصل کرنے کی کوشش ناجائز ہے اور اس سے سماج کا کردار خراب ہوتا ہے۔ انہیں یہ بتایا جانا چاہیے کہ مسلمانوں کا یکمشت ووٹ انہیں تبھی ملے گا جب ان کی موجودہ حکومت الیکشن سے قبل وہ کر کے دکھائے جس کا ان کی جماعت آگے کے لیے وعدہ کرنا چاہتی ہے۔ اُدھر جو مسلمان رہنما سیاسی جماعتوں کے نمائندوں سے ملت کے توسط سے سیاسی گفتگو کریں انہیں تحریری وتقریری طور پر میڈیا کے ذریعہ یہ اعلانیہ وعدہ کرنا چاہیے کہ اس گفت وشنید کے عوض میں وہ خود اپنے لیے یا اپنے رشتے داروں یا اقرباء کے لیے آگے چل کر حکومت سے فائدہ طلب نہیں کریں گے۔ تبھی سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ذہن بھی صاف ہوسکیں گے کہ انہیں جو کرنا ہے ملت کے مشترکہ مفاد کے لیے کرنا ہے۔ انفرادی یا ذاتی فائدے کے بدلے کسی سیاسی جماعت کو ملت کے ووٹ دلوا دینے کا سراب دکھانا سب سے بڑی اور ناقابل معافی بدعنوانی (Corruption) ہے۔ علامہ اقبالؒ کہتے ہیں:

قوموں کی تقدیر وہ مرد درویش
جس نے نہ ڈھونڈی سلطاں کی درگاہ

ساتھ ہی مسلم رہنماؤں کی سیاسی جماعتوں کے ساتھ گفت وشنید کے لیے سوچا سمجھا لائحہ عمل بھی ہونا ضروری ہے جس کے اثرات جامع، دوررس اور دیرپا ہوں۔ اِدھر اخبارات میں پڑھنے کو ملا کہ ملائم سنگھ کی کسی مسلم تنظیم کے کسی پروگرام میں شمولیت کو بڑی اہمیت دی جارہی ہے اور اس کا عوام میں یہ تاثر جارہا ہے کہ پارلیمنٹ کے اگلے الیکشن میں سماجوادی پارٹی کو ہی ووٹ دینا ہے۔ ایک اور مسلم رہنما کے بارے میں پڑھنے کو ملا کہ ان کی ملائم سنگھ سے بات ہوگئی ہے اور سماجوادی پارٹی اس کے لیے راضی ہے کہ یو. پی. میں حالیہ فسادات کی تحقیق کرائی جائے گی، لہٰذا پھر عوام میں تاثر گیا کہ اگلے الیکشن میں سماجوادی پارٹی کو ہی ووٹ دینا ہے۔ ایک تیسرے مسلم رہنما کے تعلق سے میڈیا میں ذکر آیا کہ انھوں نے ملائم سنگھ سے وعدہ لے لیا ہے کہ بلاوجہ گرفتار کیے گئے مسلمان نوجوانوں کو رہا کر دیا جائے گا۔ ذرا غور کیجیے! ہم مسلمانوں کا اقبال کس قدر گر گیا ہے۔ اب ہم سے صرف اس لیے کسی جماعت کو ووٹ دینے کو کہا جارہا ہے کہ ہمارے خلاف جو فسادات ہوں ان کی تحقیق کا وعدہ ہو جائے، ہمارے نوجوان جو زبردستی گرفتار کر لیے جائیں ان کی رہائی کا وعدہ کر لیا جائے یا کوئی اہم سیاسی رہنما ہمارے کسی پروگرام میں شامل ہو جائے۔ اس سے زیادہ ملی پستی کا تصور بھی مشکل ہے۔

سماجوادی پارٹی سے پہلے تو یہ پوچھا جانا چاہیے کہ اب سے قبل یو. پی. میں جب اس کی حکومت تھی تو اُس دوران جو کئی ہزار پولیس کانسٹیبل مقرر ہوئے تھے ان میں مسلمانوں اور یادوؤں کا تناسب کیا تھا۔ یہی اعداد وشمار مارچ 2012 سے اب تک کے یو. پی. میں ہوئی تمام سرکاری تقرریوں کے بارے میں عوام کے سامنے لائے جائیں۔ پھر ان سے یہ کہا جائے کہ آنے والی عید الفطر سے قبل وہ صوبہ میں سرکاری ملازمتوں میں مسلمانوں کو وہ رزرویشن دے دیں جو چار دیگر صوبوں میں کئی برس سے نافذ ہے۔ مسلمانوں کو اب اس سے خوش ہوجانا بند کر دینا چاہیے کہ کوئی سیاسی رہنما چند منٹوں کے لیے ٹوپی پہن لے یا کندھے پر عربی رومال ڈال لے یا افطار پارٹی کا اہتمام کر دے یا اُردو کے لیے کانوں کو بھلے لگنے والے کچھ جملے کہہ دے۔

بات ٹھوس ہونی چاہیے۔ مارچ 2012 کے الیکشن سے قبل سماجوادی پارٹی نے مسلمانوں سے یہ بھی وعدہ کیا تھا کہ ان کی حکومت صوبہ میں سچر کمیٹی کی سفارشوں کو نافذ کرے گی۔ سچر کمیٹی کی اہم سفارش ہے کہ درج فہرست ذاتوں کی تعریف میں سے مذہب کی

(باقی صفحہ 6 پر)